زفیضِ صحبتِ دانندگانِ راہِ سلوک　　بیا بہ منزلِ قُربِ و قرینِ جاناں باش
تو عشق ورز بہ سلطاں نہ باز رو جاہش　　کہ از حصولِ رضایش بہ خلق سلطاں باش
ترا دریں تنِ خاکی نہادہ اندازاں　　کہ خود بہ حلم و تواضع بخاک یکساں باش
ہزار سال غمت گر بہ جاں گشد سیماب
ہنوز حرص بہ بندش ہزار چنداں باش

# غزل

از

(جناب آلم مظفرنگری)

جب دل کے دونوں حرف بہم کر دئے گئے　　معنی طرازِ لوح و قلم کر دئے گئے
خود ہو گئے وہ عیشِ دو عالم سے بے نیاز　　جو آشنائے لذتِ غم کر دئے گئے
اس کے سوا حقیقتِ عالم ہے اور کیا　　ذرے ملا کے چند بہم کر دئے گئے
تقلیدِ رہنما کا نتیجہ تو دیکھئے　　منزل سے دور اور بھی ہم کر دئے گئے
بڑھتی ہی جا رہی ہے اب افسردگیٔ شوق　　ہم کیوں رہینِ لطف و کرم کر دئے گئے
سمجھا نہ جن کو در خورِ میخانہ عشق نے　　وہ جام وقفِ محفلِ جم کر دئے گئے
نسبت نہ جن کو تھی کوئی ایمان و کفر سے　　وہ کیوں شریکِ دیر و حرم کر دئے گئے
زاغ و زغن کے شور سے کم رتبہ آج کل　　نغماتِ طائرانِ حرم کر دئے گئے
پوچھیں گے باغباں سے کہ فصلِ بہار میں　　کیوں دور صحنِ باغ سے ہم کر دئے گئے
آج ان کی بزمِ ناز میں اہلِ ہوس کے ساتھ　　درجاتِ اہلِ عشق بھی کم کر دئے گئے
یہ سوچتا ہوں دیکھ کے فردِ عمل کو میں　　کس کے گناہ اس میں رقم کر دئے گئے
نغمے آلم بہ لحنِ حجازی جو تھے مرے
وہ سب ہی وقفِ سازِ عجم کر دئے گئے